## قائم مقام صدر فاروق نائیک اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کو فون کر کے عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی

## الطاف حسین نے بھی دونوں رہنماؤں، انکے اہل خانہ اور ایوان صدر اور پرائم منسٹر ہاؤس کے تمام عملے کو عید کی دلی مبارکباد پیش کی

لندن ۔۔۔ 21 ستمبر 2009ء

قائم مقام صدر اور چیئرمین سینیٹ فاروق نائیک اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے آج متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو فون کر کے انہیں عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے بھی دونوں رہنماؤں کو اپنی اور ایم کیو ایم کے رہنماؤں اور کارکنوں کی جانب سے عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی ۔انہوں نے قائم مقام صدر فاروق نائیک اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے اہل خانہ اور ایوان صدر اور پرائم منسٹر ہاؤس کے تمام عملے کو بھی عید کی دلی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ یہ عید پاکستان کے داخلی ومعاشی استحکام، امن عامہ کی بہتری، دہشت گردی کے خاتمہ اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے نیک شگون ثابت ہو۔

## عیدالفطر حق پرستی کی تحریک کیلئے خوشیاں لیکر آئی ہے، الطاف حسین

## نائن زیرو پر عیدالفطر کی مبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو

کراچی ۔۔۔21، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالفطر کے پہلے روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو ٹیلی فون کر کے رابطہ کمیٹی، وزراء، ارکان اسمبلی اور تمام شعبہ جات کے اراکین کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی ۔عیدالفطر کے موقع پر نائن زیرو پر مبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ عید حق پرستی کی تحریک کیلئے خوشیاں لیکر آئی ہے لہٰذا کارکنان ملک کے چپے چپے میں تحریک کا پیغام پھیلائیں ۔انہوں نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور شعبہ جات کے ذمہ داران کو اپنا سلام پیش کرتے ہوئے انہیں عیدالفطر کی مبارکباد بھی پیش کی ۔انہوں نے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں جائیں اور عوام سے عید ملیں اور انہیں عید کی خوشیوں میں شریک کریں۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور شعبہ جات کے اراکین نے جناب الطاف حسین کو بھی عیدالفطر کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا کی ۔

## منشیات کی اسمگلنگ کے الزام میں سعودی عرب میں گرفتار پاکستانی خاندان کی رہائی پر

## الطاف حسین کی جانب سے سعودی حکومت کا شکریہ

## پاکستانی خاندان کی رہائی کے سلسلے میں کوششیں کرنے پر صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار کو خراج تحسین

لندن ۔۔۔ 21 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین منشیات کی اسمگلنگ کے الزام میں سعودی عرب میں گرفتار پاکستانی خاندان کی رہائی پر سعودی عرب کی حکومت کا شکریہ ادا کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستانی خاندان کی رہائی کے سلسلے میں کوششیں کرنے پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، سمندر پار پاکستانیوں کے وفاقی وزیر اور ایم کیو ایم کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے ۔ جناب الطاف حسین نے شمائلہ اور عارف چوہان کی رہائی کے اعلان پر ان کے والد جناب رئیس احمد اور ان کے تمام اہل خانہ کو بھی مبارکباد پیش کی ۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے بچوں کے ساتھ
## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں عیدالفطر منائی

لندن۔۔۔ 21 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے دیگر بچوں کے ساتھ ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں عیدالفطر منائی۔افضاء الطاف نے بچوں میں ٹافیاں تقسیم کیں اور بچوں کو عید کی مبارکباد پیش کی۔افضاء نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں موجود اراکین رابطہ کمیٹی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور شعبہ خواتین کی کارکنان کے پاس جاکر فرداً فرداً انہیں سلام کیا۔تمام ارکان نے بھی افضاء الطاف کو عید کی مبارکباد پیش کی اور انہیں دعائیں دیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، وزراء، ارکان اسمبلی اور شعبہ جات کے ذمہ داران نے عیدالفطر کی نماز جناح گراؤنڈ میں ادا کی
## رابطہ کمیٹی کے ارکان، وزراء، ارکان اسمبلی عوام وکارکنان میں گھل مل گئے، عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی
## جناب الطاف حسین کے والدین اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری

کراچی۔۔۔21، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران نے عیدالفطر کی نماز عزیز آباد کے تاریخی جناح گراؤنڈ میں ادا کی۔نماز عید کی ادائیگی کرنے والوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی رضا ہارون، توصیف خانزادہ، کیف الوریٰ، سلیم تاجک، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر صغیر، کنور خالد یونس، سیف یار خان، حق پرست وزراء سید سردار احمد، عبدالحسیب، ارکان اسمبلی سفیان یوسف، وسیم اختر، نثار پہنور اور شعیب ابراہیم شامل ہیں۔اس موقع پر اجتماعی دعا کی گئی جس میں دہشت گردی سمیت غریب ومہنگائی کے خاتمے، ملک میں امن وسلامتی کے قیام، روزگار کی فراہمی، بیماروں کی جلد صحت یابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کی گئیں۔نماز کے بعد اراکین رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور وزراء نے جناح گراؤنڈ اور نائن زیرو عزیز آباد میں عوام وکارکنان سے عید ملی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے رہنما عوام میں گھل مل گئے۔بعدازاں رابطہ کمیٹی، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور حق پرست وزراء نے پاپوش نگر اور عزیز آباد کے قبرستانوں کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ، والد نذیر حسین مرحوم اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادریں چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے شہداء کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆